© rasailojaraid.com



## ترکی میں نابینا افراد کے لیے تعلیمِ قرآن کا نظم

ترکی میں بصارت سے محروم افراد کے لیے بریل زبان میں قرآن کی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے جس میں بڑی تعداد میں نابینا افراد شرکت کر رہے ہیں۔ دیانت پارٹی کے شعبۂ اسلامیات کے سربراہ بنیامن البایراک نے کہا کہ ان تعلیمی مجلسوں میں عوام بالخصوص نابیاؤں کی دلچسپی دیدنی ہے۔ دوسرے طویل العمر افراد کے مقابلہ میں نوجوان طلبہ بریل زبان میں قرآن مجید زیادہ شوق سے سیکھ رہے ہیں۔ گذشتہ سال اس مرکز سے دو ہزار تین سو افراد نے قرآن سیکھا جس میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ تھی۔ بینائی سے محروم اشخاص کے علاوہ دیگر معذور افراد کو بھی قرآن سکھانے کا نظم کیا گیا ہے۔ خاص بات یہ نابینا افراد کہ عام افراد سے زیادہ قرآن سیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ (معارف، ستمبر ۲۰۱۶ء)

## ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام ''مسلمان اور غیر مسلمین میں ربط و تعاون کی بنیادیں۔ قرآن مجید کی روشنی میں'' کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

ادارہ علوم القرآن کا دسواں سیمینار ''مسلمان اور غیر مسلمین میں ربط و تعاون کی بنیادیں قرآن مجید کی روشنی میں'' کے موضوع پر ۱۶، ۱۷ر نومبر ۲۰۱۶ء کو مدرسۃ الاصلاح کے تعاون و اشتراک سے مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر، اعظم گڑھ) میں منعقد ہوا۔ اسی موضوع پر منعقد ہونے والا یہ دوسرا سیمینار تھا۔ اس میں ملک کے طول و عرض سے علماء، محققین و اسکالرس نے شرکت کی اور مقررہ موضوع کے مختلف پہلوؤں پر مقالات پیش کیے۔ مقالات پر بحث و مباحثہ بھی ہوا۔ سامعین میں مدرسۃ الاصلاح کے طلبہ و اساتذہ کے علاوہ اعظم گڑھ کے معروف دینی مدارس کے اساتذہ و طلبہ اور قرب و جوار کے اہل علم بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ اس سیمینار کا ایک خاص پہلو یہ تھا کہ اس میں متعدد مدارس کے مندوبین شریک ہوئے جن میں خاص طور سے بیت العلوم سرائے میر، جامعۃ الفلاح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بلریا گنج، مدرسہ مفتاح العلوم اور مدرسہ تعلیم الدین مئو قابلِ ذکر ہیں۔ اس سیمینار کی سرگرمیاں سات اجلاسوں پر مشتمل تھیں جن کی تفصیلات درج ذیل ہے:

## افتتاحی اجلاس

### ۱۶؍نومبر ۲۰۱۶ء ۹۔۱۱ بجے

| | | |
|---|---|---|
| صدارت | : | پروفیسر اشتیاق احمد ظلی |
| نظامت | : | مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی |
| تلاوت قرآن مجید | : | قاری محمد عمران اصلاحی |
| استقبالیہ کلمات | : | پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی |
| تعارفی کلمات | : | پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی |
| افتتاحی کلمات | : | مولانا ابرار احمد اصلاحی مکی |
| کلیدی خطبہ | : | پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی |
| رپورٹ مسابقہ وتقسیم انعامات | : | مولانا اشہد رفیق ندوی |

## پہلا اجلاس

### ۱۱:۳۰ تا ۱:۳۰ دوپہر

| | | |
|---|---|---|
| صدارت | : | پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی |
| نظامت | : | ڈاکٹر محمد راشد اصلاحی |
| پروفیسر سید مسعود احمد | : | مسلمان اور غیر مسلموں کے درمیان تعلقات و روابط کی قرآنی بنیادیں |
| ڈاکٹر محی الدین غازی | : | خیر امت کا کام۔ خیر اعظم کی دعوت |
| مولانا شاکر نثار الأعظمی مدنی | : | غیر مسلم رشتہ داروں سے روابط وحقوق |
| مولانا عامر ظفر ایوبی | : | مروجہ مذاہب کے ساتھ تعلقات کی جہات |
| جناب سیف اللہ اصغر اصلاحی اعظمی | : | کلمۂ سواء کی طرف رجوع کی دعوت کا صحیح مفہوم |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## دوسرا اجلاس
## بعد نماز مغرب متصلاً

صدارت : مولانا طاہر مدنی صاحب

نظامت : ڈاکٹر محی الدین غازی

پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی : غیر مسلمین سے معاشی و معاشرتی تعلقات قرآن مجید اور اسوۂ حسنہ کی روشنی میں

ڈاکٹر غیاث الدین ندوی : بین الاقوامیت: قرآنی بیانات کی روشنی میں

ڈاکٹر محمد راشد اصلاحی : مسلمان اور دیگر اہل مذہب کے درمیان تعلقات کی بنیادیں-قرآن مجید کی روشنی میں

مولانا ولی اللہ مجید قاسمی : اہل کتاب عورتوں سے نکاح

## تیسرا اجلاس
## ۷ بجے شب

صدارت : مولانا سرفراز احمد اصلاحی مدنی

نظامت : جناب ابوسعد اعظمی

مولانا نسیم ظہیر اصلاحی : سورۂ آل عمران میں کلمہ سواء کی دعوت اور اس کی معنویت

مولانا کمال اختر قاسمی : غیر مسلوں سے ربط و تعلق کی بنیادیں

جناب زبیر عالم اصلاحی : غیر مسلمین سے مذہبی تعلقات کے اصول

## چوتھا اجلاس
## ۱۷ نومبر ۸ تا ۱۰ بجے صبح

صدارت : پروفیسر سید مسعود احمد

نظامت : جناب سیف اللہ اصغر اصلاحی اعظمی

پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی : قرآن مجید میں کتبِ سماوی کی حیثیت و معنویت

مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی : مسلمانوں پر غیر مسلموں کے حقوق

ڈاکٹر احسان اللہ فہد : قرآن کریم اور مذہبی رواداری

مولانا اعجاز احمد قاسمی : مروجہ مذاہب کے ساتھ تعلقات کی جہات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## پانچواں اجلاس

### ۱۰-۱۵ تا ۱۲-۱۵ دوپہر

صدارت : پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی

نظامت : جناب زبیر عالم اصلاحی

مولانا خورشید احمد مدنی : دین کا قرآنی تصور

جناب مجتبیٰ فاروق : قرآنی مکالمے-اسلوب، حکمت اور عصری معنویت

جناب ابوسعد اعظمی : اسلام کے مقابلے میں دیگر ادیان کی حیثیت

جناب فضل الرحمان اصلاحی : عصر حاضر میں کلمۂ سواء کی معنویت اور داعیوں کا کردار

## اختتامی اجلاس

### ۱۲-۱۵ تا ۱-۱۵ دوپہر

صدارت : پروفیسر اشتیاق احمد ظلی

نظامت : جناب اشہد رفیق ندوی

تأثرات : مولانا شاکر نثار اعظمی مدنی، جناب داؤد ملتانی،
مولانا شہاب الدین اصلاحی (نیپال)،
مولانا ابرار احمد اصلاحی مکی، پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی،
پروفیسر سید مسعود احمد، ڈاکٹر سکندر علی اصلاحی

کلمات تشکر : ڈاکٹر فخر الاسلام اعظمی

دعا : مولانا نظام الدین اصلاحی

## خطاب عام

### ۸ بجے شب (بعد نماز عشا)

### مقررین کرام

پروفیسر و مولانا محمد سعود عالم قاسمی : سابق ڈین، دینیات فیکلٹی، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی، علی گڑھ

مولانا ولی اللہ سعیدی فلاحی : سکریٹری جماعت اسلامی ہند، نئی دہلی

مولانا ابرار احمد اصلاحی مکی : رابطہ عالم اسلامی، مکہ مکرمہ

© rasailojaraid.com